# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

| | | |
|---|---|---|
| 10 منٹ | • | بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ تصویروں پر بچوں سے بات چیت کریں۔ مختلف خوشبوؤں کے بارے میں بات کریں۔ کس کس طرح کی خوشبو بچوں کو اچھی لگتی ہے۔ کونسی بو اچھی نہیں لگتی وغیرہ وغیرہ۔ |
| 10 منٹ | • | 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ پڑھنے میں مدد کریں اور شاباشی بھی دیں۔ |

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی میں کیا چیز پسند آئی؟
- کہانی کو پڑھ کر کس کی بھوک جاگی؟
- کس کو کون سی خوشبو سب سے زیادہ پسند ہے؟
- ان خوشبوؤں سے ان کو اور کون کون سی چیزیں یاد آتی ہیں؟
- ان تمام خوشبوؤں کو پہچاننے کے لئے وہ کون سی حس کا استعمال کرتے ہیں۔

25 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی کوپیاں نکالیں اور تاریخ لکھیں۔

- بچوں سے پوچھ کر کہانی میں دئے گئے وہ الفاظ جو خوشبو بتاتے ہوں بورڈ پر لکھیں۔ ساتھ ساتھ انگریزی ترجمہ بھی لکھیں اور معنی سمجھائیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| sour | ترش | sour | کھٹی |
| new | نئی | hot | گرم |
| salty | نمکین | clean | صاف |
| spicy | چٹ پٹی | roasted | بھنی |
| sweet | میٹھی | fresh | تازہ |

# سیشن 2

10 منٹ

- 6 - 5 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کرائیں۔
  - تصویروں کے بارے میں بچوں سے بات چیت کریں۔
  - کون سی تصویر سب سے اچھی لگی اور کیوں؟
  - کون سی خوشبو ان کو سب سے اچھی لگتی ہے؟
  - ان کے گھر میں سب سے زیادہ خوشبو کس چیز کی ہوتی ہے؟
  - کیا دن اور رات کی خوشبو مختلف ہوتی ہے؟ اگر ہاں تو ان کے خیال میں ایسا کیوں ہوتا ہے؟

10 منٹ

- بچوں کو بتائیں کے سونگھنے کی طاقت ایک حس ہوتی ہے۔ انسانوں میں پانچ حسیں senses ہوتی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | دیکھنے کی حس | sense of sight |
| 2 | سونگھنے کی حس | sense of smell |
| 3 | محسوس کرنے کی حس | sense of touch |
| 4 | چکھنے کی حس | sense of taste |
| 5 | سننے کی حس | sense of hearing |

- تمام حسیں آپس میں جڑی (iner-linked) ہوتی ہیں۔ مثلاً: اگر ہم کسی پسندیدہ کھانے کی تصویر دیکھتے ہیں تو ہمارے منہ میں پانی آتا ہے۔ اگر ہماری ناک بند ہے اور ہم صحیح سے سونگھ نہیں سکتے تو کھانے کا مزہ بھی کم محسوس ہوتا ہے۔
- اگر ہم کھانے کی خوشبو سونگھتے ہیں تب بھی ہمارے منہ میں پانی آتا ہے۔
- مختلف جانوروں کی مختلف حسیں بہت تیز ہوتی ہیں۔ بچوں سے پوچھیں کس جانور کی کون سی حس سب سے تیز ہوتی ہے اور بورڈ پر 2 کولم بنا کر لکھیں۔

| جانور | | حس |
|---|---|---|
| falcon | باز | دیکھنے کی حس |
| dog | کتا | سونگھنے کی حس |
| snake | سانپ | محسوس کرنے کی حس |
| rabbit | خرگوش | چکھنے کی حس |
| mouse/dolphin | چوہا / ڈولفن | سننے کی حس |

20 منٹ • الفاظ اور ان کی ضد پر کام کروائیں۔

- کہانی میں سے ایسے الفاظ جن کی ضد ہو چن کر بورڈ پر لکھیں۔ ان کی ضد بچوں سے پوچھیں اور بورڈ پر دو کولم بنا کر لکھیں۔

| ضد | الفاظ | ضد | الفاظ |
|---|---|---|---|
| گندی | صاف | میٹھی | نمکین |
| پرانی | نئی | میٹھی | کھٹی |
| باسی | تازہ | گرم | ٹھنڈی |
| کچی | بھنی | پھیکی | چٹ پٹی |

## ہوم ورک

5 منٹ • گھر سے کوئی ایسی چیز لائیں جس کی خوشبو سے اسے پہچانا جا سکے۔ مثلاً عطر، صابن، کوئی بہتر خوشبو والا پھل، پھول یا کھانے کی چیز۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 کے لئے کاغذ کے 6 - 5 تھیلوں کا انتظام کر لیں۔ بچوں کی لائی ہوئی چیزیں الگ الگ تھیلوں میں بند کر کے خوشبو سے چیزیں پہچاننے کی activity کرائیں۔

## سیشن 3

45 منٹ

- بچوں کی لائی ہوئی چیزوں کو الگ الگ تھیلوں میں ڈال کر بند کر دیں۔ تھیلے میں چھوٹے چھوٹے سوراخ کریں۔ تھیلوں پر نمبر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی نکالیں۔ تھیلوں کے نمبر ترتیب سے بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

- تھیلا نمبر 1 پہلے بچے کو دیں۔ وہ بچہ سونگھ کر اس چیز کا نام کوپی میں تھیلا نمبر 1 کے آگے لکھے اور تھیلا دوسرے بچے کو دے دے۔ اس طرح ایک ایک کرکے تھیلے بچے ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ بچے انہیں سونگھ کر پہچانیں کہ اس میں کیا ہے اور اس چیز کا نام اپنی کوپی میں لکھے گئے تھیلے کے نمبر کے آگے لکھیں۔

- جب activity پوری ہو جائے تو بچے اپنی کوپیاں اپنے ساتھی سے تبدیل کر لیں۔

- سب تھیلے جمع کر لیں۔ ایک ایک تھیلا کھولیں اور بچوں کو دکھائیں کہ اس میں کیا تھا۔ بورڈ پر تھیلے کے نمبر کے آگے چیز کا نام لکھیں۔ بچے اپنی ساتھی کی کوپی میں چیک کریں۔

## سیشن 4

5 منٹ

- 5 - 4 بچوں سے کتاب پڑھوائیں۔

5 منٹ

- بچوں سے خوشبو کے معنی پوچھیں۔ اکثر بچے ہر قسم کی بو کو خوشبو یا بو بتائیں گے۔ بچوں کو سمجھائیں کہ جو بو ہمیں اچھی لگتی ہے ہم اسے خوشبو بولتے ہیں۔ جو اچھی نہیں لگتی اسے ہم بدبو بولتے ہیں۔

30 منٹ

- کتاب میں دی ہوئی ہر چیز کا نام بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اس کے آگے 2 کولم بنا کر ایک میں خوشبو اور ایک میں بدبو لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہاتھ اٹھائیں کہ کتنے بچوں کو اس چیز کی بو بدبو لگتی ہے اور کتنوں کو خوشبو۔ گنتی کر کے خوشبو اور بدبو کے کولم میں نمبر لکھتی جائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- کسی 5 خوشبو کے الفاظ سے جملے بنائیں۔

## سیشن 5

5 منٹ
- 6 - 5 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے بات چیت کریں۔ انہیں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔

- آپ نے کبھی گولا گنڈا کھایا ہے؟ اس کا مزہ کیسا ہوتا ہے۔
- مونگ پھلی کے علاوہ اور کیا چیزیں گرم مٹی میں بھنتی ہیں۔ (مکئی ، شکر قندی)
- کچی اور بھنی ہوئی مونگ پھلی کے مزے میں کیا فرق ہے؟
- سمندر پر کس چیز میں سب سے زیادہ مزہ آتا ہے؟
- بارش میں کھیلنا کس کو پسند ہے؟
- آپ کو نہانا پسند ہے؟ نہانے کے بعد کیسا لگتا ہے؟
- باورچی خانے میں سے کیسی کیسی خوشبوئیں آتی ہیں؟ کیا آپ گھر میں کبھی کچھ پکانے میں مدد کرتے ہیں؟
- آپ کبھی پھولوں کی دوکان گئے ہیں؟ وہاں پھولوں کی کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں؟
- کون کون سے پھل آپ کو پسند ہیں؟ کیا تمام پھلوں سے خوشبو آتی ہے؟ کن میں خوشبو نہیں ہوتی؟

15 منٹ
- بورڈ پر 2 کولم بنائیں۔ بچوں سے پوچھ کہ ایک میں خوشبودار پھلوں کے نام لکھیں اور دوسرے میں بغیر خوشبو کے پھلوں کے نام لکھیں۔

(خوشبودار پھل: کینو ، آم ، خربوزہ ، امرود ، سیب ، بیر ، خوبانی وغیرہ)

(بغیر خوشبو کے پھل: کیلا ، انگور ، تربوز ، آلوچا ، انار ، جامن وغیرہ)

- 10 منٹ — بچے بورڈ سے دیکھ کر اپنی کوپی میں ایک پھل کا نام لکھیں جو انہیں پسند ہے اور ایک پھل جو انہیں پسند نہیں۔ 2 جملوں میں پسند اور نا پسندیدگی کی وجہ لکھیں۔

## سیشن 6

- 10 منٹ — 6 - 5 بچوں سے کتاب پڑھوائیں۔

- 15 منٹ — بورڈ پر خالی جگہ کے ساتھ جملے لکھیں۔ بچے کتاب سے پڑھ کے الفاظ خالی جگہ میں پر کریں۔

1 مونگ پھلی کی ........................ خوشبو۔

2 ........................ کی میٹھی میٹھی خوشبو۔

3 کینو کی ........................ خوشبو۔

4 ........................ کی بھینی بھینی خوشبو۔

5 بسکٹ کی ........................ خوشبو۔

- 10 منٹ — بچوں سے بدبو پر بات چیت کریں کہ کن چیزوں سے بدبو آتی ہے۔ بچے جو نام بتائیں وہ بورڈ پر لکھتی جائیں۔

- 10 منٹ — بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں 2 دائرے بنائیں۔ ایک میں 3 بدبو والی چیزوں کے نام لکھیں دوسرے میں 3 خوشبو والی چیزوں کے۔ اپنے پسند کے رنگ سے خوشبو والی چیزوں کے نام لکھیں اور نا پسند رنگ سے بدبو والی چیزوں کے۔

# خوشبو

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk